## افاداتِ فراہیؒ

ترجمہ: ڈاکٹر محمد اجمل اصلاحی

# قرآنِ مجید کا طرزِ استدلال

[ترجمان القرآن علامہ حمید الدین فراہی رحمۃ اللہ علیہ کا یہ نادر مضمون جس کا اردو ترجمہ ناظرین کی خدمت میں پیش کیا جا رہا ہے۔ مولانا عبد اللہ عمادی مرحوم کے عربی رسالہ البیان لکھنؤ میں ۲۹ ربیع الآخر ۱۳۲۶ھ کے شمارہ ۸ (جلد ۵) میں "محاجۃ الوحی" کے عنوان سے شائع ہوا تھا۔ علامہ کے قیام کراچی کا یہ آخری زمانہ تھا۔ علامہ فراہی کا انتقال ۱۳۴۹ھ میں ہوا اس طرح یہ مضمون انتقال سے کم از کم پچیس سال قبل لکھا گیا تھا۔ مضمون کے مطالعہ سے خیال ہوتا ہے کہ شائد یہ علامہ کی نہایت اہم غیر مطبوعہ اور ناتمام کتاب "حجج القرآن" کی کوئی فصل ہوگی جس کا مسودہ دائرہ حمیدیہ سرائے میر۔ اعظم گڈھ میں محفوظ ہے

ترجمے پر مولانا امانت اللہ اصلاحی نے اپنی مصروفیات اور خرابی صحت کے باوجود بھرپور نظرثانی نہ فرمائی ہوتی تو یہ اشاعت کے قابل نہ ہوتا۔ ہم اسے علی گڑھ (بھارت) کے ششماہی علمی مجلہ "علوم القرآن" کے شکریے کے ساتھ شائع کر رہے ہیں]

(۱)

نبی امت کے لیے باپ کی مانند ہوتا ہے۔ وہ امت پر غایت درجہ شفیق اور علم میں سب پر فائق ہوتا ہے۔ اسی لیے وہ امت کو ایک عام آدمی کی طرح مخاطب نہیں کرتا۔ اور جب قوم اپنی حماقت، تکبر اور ہٹ دھرمی کے سبب اس کی دعوت کا انکار کرتی ہے تو اسے بے حد رنج ہوتا ہے۔ نبی کا حال اس شفیق باپ کی طرح ہوتا ہے جو اپنے مریض بیٹے کو دوا دینا چاہتا ہے اور بیٹا دوا لینے کے بجائے باپ سے بحث کرتا ہے اور اس کی نصیحت پر توجہ نہیں کرتا، باپ کبھی نرمی سے سمجھاتا ہے، اور کبھی طرح دے جاتا ہے، کہ شائد خود باز آجائے، ایک بات کو ماننے سے انکار کرتا ہے تو باپ بحث و تردید کے دلدادہ مناظرہ باز کی طرح اس بات پر اصرار نہیں کرتا بلکہ اس کے سامنے کوئی اور دلیل پیش کرتا ہے کہ شائد وہ کارگر ہو۔ اگر تمہیں کسی باپ کو دیکھنے کا اتفاق ہوا ہو کہ وہ کس شفقت و محبت سے اپنے ضدی بیٹے کے ساتھ پیش آتا ہے، یا کسی مصلح کو کہ وہ کیسی ہمدردی اور دلسوزی سے اپنی بگڑی ہوئی قوم کی اصلاح کی کوشش کرتا ہے

توکسی قدر اندازہ ہوگا کہ نبی کا رویہ اپنی امت کے ساتھ کیا ہوتا ہے۔

(۲)

اگر نبی کی تعلیمات تک عقل کی رسائی ازخود ممکن ہوتی تو انبیاء کی ضرورت نہ تھی، اور اگر اس کی باتیں خلاف عقل اور بعید از عقل ہوتیں تو اولاً اس پر کم عقلوں کے سوا جو کسی معجزہ کو دیکھ کر صرف تقلید میں ایمان لائے ہوں، کوئی ایمان نہ لاتا۔ ثانیاً ان تعلیمات کو بقا اور رسوخ حاصل نہ ہوتا۔ ثالثاً معجزہ پیش کرنے سے قبل نبی قوم کو قصوروار نہ ٹھہراتا۔ لیکن جب واقعہ یہ ہے کہ معجزہ پیش کرنے سے قبل قصوروار ٹھہرایا گیا، اور انبیاء کی تعلیمات پر اصحاب عقل ایمان لائے۔ نیز ان ارباب دانش کے دلوں میں انھیں رسوخ ملا جنھیں تقلید سے کوئی واسطہ نہ تھا۔ تو معلوم ہوا کہ انبیاء کی تعلیمات عقل کو اپیل کرتی تھیں، چنانچہ جب اس کے سامنے پیش کی جاتی تھیں تو ان کو اس طرح قبول کرتی تھی جیسے کسی کا محب وعزیز بھائی کسی دور دراز مقام سے اسے میوے بھیجے اور وہ مزے لے لے کر کھائے، ایمان کی حلاوت بھی ایسی ہی ہوتی ہے جس کا تجربہ ہر مومن کو ہوتا ہے۔

اوپر ہم نے یہ جو کہا کہ عقل کی ازخود رسائی ان تعلیمات تک نہیں ہوسکتی تھی تو اس کا مطلب یہ نہیں کہ رسائی بالکل محال ہے۔ مقصود صرف یہ ہے کہ اسباب گمراہی کا ہر طرف دور دورہ ہوتا ہے اس لیے کہ دنیاوی زندگی پر مادی وحسی لذات وشہوات اور مصائب وآلام چھائے ہوتے ہیں، اور جس طرح آسمان اپنے تاروں کے ذریعہ کرۂ زمین کو روشن کرتا ہے، اسی طرح ایک روحانی آسمان اپنے تاروں کے ذریعہ دلوں کو منور کرتا ہے۔

(۳)

جس طرح انبیاء کے دلوں میں قبول وحی کی استعداد ہوتی ہے، اسی طرح ہمارے دلوں میں انبیاء کی تعلیمات کو قبول کرنے کی استعداد ہوتی ہے۔ یہ استعداد دراصل وہ تیز حس ہوتی ہے جس کی اساس محبت اور ہمہ گیر شفقت اور مہربانی پر ہے۔ اسی سے دل دنیا کی آلائشوں سے پاک ہوتا ہے، نعمتوں کا فیضان کرنے والی ذات کی جانب متوجہ ہوتا ہے، اور انسانوں کے لیے شفقت ومحبت کا پیکر بن جاتا ہے۔ کیونکہ اسے نعمتوں کا عرفان حاصل ہوتا ہے، اور اس کے نتیجہ میں شکر واحسان کے جذبات اس طرح امنڈ آتے ہیں جیسے چھاتی لبریز ہوجائے اور اس سے دودھ پھوٹ پڑے۔ یہی سبب ہے کہ فیاضی اور دریا دلی بلکہ انسانوں سے عشق سب سے زیادہ انبیاء کرام میں ہوتا ہے، اسی طرح ایمان لانے میں سبقت وہ لوگ کرتے ہیں جو سب سے زیادہ رحمدل

© rasailojaraid.com